Let the mind manage the body
Que l'esprit gère le corps

URDU
(Subject code No. P160)

**Index Number:** ..........................................................................................................

# MAURITIUS EXAMINATIONS SYNDICATE

## Primary School Achievement Certificate Assessment

**October 2019**

**Time: 1 hour 45 minutes**

**INSTRUCTIONS TO CANDIDATES**

1. Check that this assessment booklet contains **9** questions printed on **17** pages.
2. Write your Index Number on the assessment booklet in the space provided above.
3. You should not use red, green or black ink in answering questions.
4. Write all your answers clearly in the assessment booklet.
5. Attempt **all** questions.


| Question | Marking | | | Revision | | | Control | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Marks | | Sig | Marks | | Sig | Marks | | Sig |
| 1A | | | | | | | | | |
| 1B | | | | | | | | | |
| 2A | | | | | | | | | |
| 2B | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | |
| 4A | | | | | | | | | |
| 4B | | | | | | | | | |
| 5A | | | | | | | | | |
| 5B | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | |
| 7A | | | | | | | | | |
| 7B | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | | |
| **Total** | | | | | | | | | |
| **Sig (HoG)** | | | | | | | | | |

© Mauritius Examinations Syndicate

Marks

**Question 1A (5 marks)**

مثال کے مطابق دی گئی تصویر کے سامنے مناسب لفظ لکھیے۔

مثال :  کرسی


______________________



______________________




______________________



______________________



______________________




______________________

Marks


**Question 1B (5 marks)**

## مثال کے مطابق لکیر کھینچ کر تصویر کو مناسب جملے سے ملائیے۔

لڑکے سائیکل چلا رہے ہیں۔




سارا دکان میں مٹھائیاں خرید رہی ہے۔




بلّی سوتی ہے۔




شاکر اور فاطمہ بس سے سفر کرتے ہیں۔



استانی سبق سمجھا رہی ہیں۔



ساجدہ ڈاکٹر کے پاس گئی ہے۔



Marks

**Question 2A (10 marks)**

**خالی جگہ پُر کرنے کے لیے صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنائیے۔**

مثال : احمد .............................. بھائی روتا ہے۔

ⓐ۔ کا　　　ب۔ سے

ج۔ کی　　　د۔ کو

---

۱۔ بچّہ قلم .............................. لکھتا ہے۔

ا۔ میں　　　ب۔ سے

ج۔ پر　　　د۔ کو

۲۔ میری بہن .............................. سہیلی کے پاس جاتی ہے۔

ا۔ اپنی　　　ب۔ اپنے

ج۔ تم　　　د۔ میں

۳۔ ہم باہر نہیں کھیل سکتے .............................. بارش ہو رہی ہے۔

ا۔ یا　　　ب۔ کیونکہ

ج۔ لیکن　　　د۔ تب

۴۔ پچھلے ہفتے سارا .............................. ۔

ا۔ ایک دلچسپ فلم دیکھے گی　　　ب۔ ایک دلچسپ فلم دیکھتی ہے

ج۔ نے ایک دلچسپ فلم دیکھی　　　د۔ ایک دلچسپ فلم دیکھی

Marks

۵۔ جب میں اپنے دوستوں سے ملوں گا تب ہم ایک ساتھ .............................. ۔

ا۔ کھیلے　　ب۔ کھیلتا ہے

ج۔ کھیلیں گے　　د۔ کھیل رہے تھے

٦۔ .............................. بھائی روزانہ اسکول جاتا ہے۔

ا۔ میرا　　ب۔ میری

ج۔ میرے　　د۔ میں

٧۔ ساجدہ نے دکان سے دو روٹیاں .............................. ۔

ا۔ خریدے　　ب۔ خریدا

ج۔ خریدی　　د۔ خریدیں

٨۔ استاد نے کہا : ” .............................. کے پاس کتاب نہیں ہے ؟ “

ا۔ کس　　ب۔ کون

ج۔ کیوں　　د۔ کیا

٩۔ بندر .............................. دیکھ کر بچّے ڈر گئے۔

ا۔ کا　　ب۔ کے

ج۔ کی　　د۔ کو

١٠۔ .............................. بیل گھاس کھاتا ہے۔

ا۔ کالی　　ب۔ کالا

ج۔ کالے　　د۔ کل

Marks

**Question 2B (5 marks)**

صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنایئے۔

۱۔ اسلم .............................. پر خبریں سُن رہا تھا۔

ا۔ چراغ　　　ب۔ ریڈیو

ج۔ فریج　　　د۔ پنکھے

۲۔ شاکر .............................. سے سبزیاں خرید لایا۔

ا۔ ہسپتال　　　ب۔ بازار

ج۔ اسکول　　　د۔ دواخانہ

۳۔ چائے مجھ پر گِر گئی۔ میرے کپڑے .............................. ہوگئے۔

ا۔ گندے　　　ب۔ خوبصورت

ج۔ صاف　　　د۔ نئے

۴۔ مجھے بہت .............................. لگی ہے۔ کیا تم مجھے کھانا دے سکتے ہو ؟

ا۔ پیاس　　　ب۔ گرم

ج۔ بھوک　　　د۔ تھک

۵۔ تیز مت .............................. ! گِر جاؤ گے۔

ا۔ کھاؤ　　　ب۔ دیکھو

ج۔ بولو　　　د۔ دوڑو

Marks

**Question 3 (10 marks)**

عبارت غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔

## رحمٰن عثمان سرکاری اسکول
## آیئے پک‌نک پر چلتے ہیں

کیا آپ چھٹی جماعت میں ہیں ؟ آیئے ایک ساتھ پک‌نک پر چلتے ہیں۔

پک‌نک کا پروگرام اِس طرح ہے :

تاریخ : جمعرات ۱۸ جولائی ۲۰۱۹ء

وقت : صبح نو بجے بس اسکول سے چلے گی

شام چار بجے بس اسکول لوٹ آئے گی

بس کا کرایہ : پچاس روپے




آپ اِن جگہوں کی سیر کریں گے :

- پانمپلےموس کا باغ
- پورٹ‌لوئس کا بازار

اپنے ساتھ یہ سامان لانا نہ بھولیں :

۱۔ کھانے کی ٹوکری

۲۔ دھوپ سے بچنے کے لیے ٹوپی

۳۔ تیرنے کے کپڑے

بارہ بجے گراں‌بے کے ساحل پر جائیں گے۔ کھانے کے بعد آپ لوگ وہاں سمندر کے کنارے کھیل سکیں گے۔ اپنے والدین سے اجازت لیجیے۔

کیا آپ ہمارے ساتھ جانا چاہتے ہیں ؟ جمعہ ۱۲ جولائی ۲۰۱۹ء تک ہیڈ ماسٹر جناب سلمان کو آپ اپنا نام دے سکتے ہیں۔

Marks

۱۔ یہ پوسٹر کس اسکول کا ہے ؟ [1]

۲۔ کس جماعت کے بچّے پک‌نک پر جا سکتے ہیں ؟ [1]

۳۔ کس تاریخ کو بچّے پک‌نک پر جائیں گے ؟ [1]

۴۔ کتنے بجے اسکول سے بس چلے گی ؟ [1]

۵۔ پک‌نک کے لیے بس کا کرایہ کتنا ہے ؟ [1]

۶۔ ایک جگہ کا نام لکھیے جہاں بچّے جائیں گے ؟ [1]

۷۔ دو سامان لکھیے جو بچّے اپنے ساتھ لائیں گے ؟ [2]

(i) ______ (ii) ______

۸۔ بچّے کہاں کھانا کھائیں گے ؟ [1]

۹۔ جو بچّے پک‌نک پر جائیں گے اُنھیں کس کو اپنا نام دینا چاہیے ؟ [1]

Marks

**Question 4**

**عبارت غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔**

پچھلے جمعہ کو ریاض اسکول سے چار بجے گھر واپس آیا۔ گھر آتے ہی وہ ٹیلی وژن کے سامنے بیٹھ گیا۔ اُس کی پسندیدہ فلم شروع ہونے والی تھی۔

کچھ دیر بعد اُس کی ماں اُس سے بات کرنے آئیں۔ ریاض کو اپنی ماں کی آواز عجیب لگ رہی تھی۔

'' ریاض! میری صحت ٹھیک نہیں ہے۔ مجھے بخار ہے اور گلے میں درد ہے۔ ''

'' پریشان مت ہوں امّی۔ آپ آرام کیجیے۔ '' اُس نے اپنی ماں سے کہا۔

کچھ دیر بعد ریاض کے والد بھی کام سے گھر واپس آگئے۔ جب اُن کو معلوم ہوا کہ اُن کی بیوی کی صحت خراب ہے تو وہ پریشان ہوگئے۔ لیکن ریاض کی ماں نے اُنہیں تسلّی دیتے ہوئے کہا کہ فکر کرنے کی کوئی بات نہیں اور ڈاکٹر کو گھر بلانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مجھے صرف کچھ آرام کی ضرورت ہے۔ خدا کا شکر ہے۔

'' کیوں نہ ہم دونوں گھر کا کام کر لیتے ہیں ؟ '' ریاض کے والد نے کہا۔

'' ٹھیک ہے۔ '' ریاض نے جواب دیا۔ وہ کچھ مایوس تھا اور دل ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ وہ اپنی پسندیدہ فلم نہیں دیکھ پائے گا۔ لیکن ماں کی مدد کرنا زیادہ اہم تھا۔

'' میں برتن صاف کروں گا اور کمروں میں جھاڑو بھی دے دوں گا۔ کیا آپ صحن صاف کر کے رات کا کھانا تیار کر سکتے ہیں ؟ '' ریاض نے اپنے والد سے پوچھا۔

وقت ضائع نہ کرتے ہوئے ریاض نے سبھی کمروں میں جھاڑو دیا۔ پھر اُس نے برتن بھی صاف کر دیے۔

اس دوران اُس کے والد نے صحن صاف کیا۔ اس کے بعد انھوں نے رات کا لذیذ کھانا تیار کیا۔ چاول اور مرغی کی ترکاری۔ اُنہیں معلوم تھا کہ ریاض کی ماں یہ پکوان پسند کریں گی۔

Marks

شام چھ بجے تک گھر بالکل صاف تھا اور میز پر گرم کھانا تیار تھا۔ جب ریاض کی ماں بستر سے اُٹھیں تو یہ دیکھ کر وہ بہت خوش تھیں۔ اُنہیں اپنے گھر والوں پر بہت فخر تھا۔ میرے گھر والے میرا کتنا خیال رکھتے ہیں ! اُنہوں نے دل ہی دل میں سوچا۔

**Question 4A (5 marks)**

**مناسب فقرے کے صحیح حرف پر دائرہ ○ بنائیے۔**

۱۔ گھر آتے ہی ریاض ............................................................ ۔

ا۔ اپنی ماں کو ڈھونڈنے لگا

ب۔ ٹیلی‌وژن کے سامنے بیٹھ گیا

ج۔ سونے چلا گیا

د۔ صحن صاف کرنے لگا

۲۔ ریاض کو معلوم تھا کہ اُس کی ماں کی صحت خراب ہے کیونکہ ........................................ ۔

ا۔ گھر کی صفائی نہیں ہوئی تھی

ب۔ کھانا ابھی تک تیار نہیں تھا

ج۔ وہ مرغی کی ترکاری کھانا چاہتی تھیں

د۔ اُن کی آواز عجیب لگ رہی تھی

۳۔ جب ریاض کے والد نے سُنا کہ اُس کی بیوی کی صحت خراب ہے تو وہ ..................... ۔

ا۔ پریشان ہوگئے

ب۔ خوش ہوگئے

ج۔ تھک گئے

د۔ ناراض ہوگئے

Marks

۴۔ ریاض کچھ مایوس تھا ، اس کا مطلب ہے کہ وہ ...................................... ۔

ا۔ اداس تھا

ب۔ ڈر گیا تھا

ج۔ خوش تھا

د۔ حیران تھا

۵۔ مدد کرنے کے لیے ریاض ........................................ ۔

ا۔ ڈاکٹر کو فون کرتا ہے

ب۔ اسکول جاتا ہے

ج۔ ٹیلی وژن دیکھتا ہے

د۔ برتن صاف کرتا ہے

**Question 4B (10 marks)**

**سوالوں کے جواب پورے جملے میں لکھیے۔**

ا۔ ریاض کی ماں کو کون سی بیماری ہوئی تھی ؟ [ 1 ]

______________________________

______________________________

۲۔ کس بات سے پتہ چلتا ہے کہ ریاض کی ماں زیادہ بیمار نہیں تھیں ؟ [ 1 ]

______________________________

______________________________

Marks

۳۔ فلم دیکھنے کے بجائے ریاض نے ماں کی مدد کی۔ اس سے ریاض کے بارے میں کیا معلوم ہوتا ہے ؟ صحیح جواب کے دو حروف پر دائرہ بنائیے۔ [2]

ا۔ نیک ب۔ سچّا

ج۔ صابر د۔ مددگار

۴۔ ایک کام بتائیے جو ریاض کے والد نے مدد کرنے کے لیے کیا ؟ [1]

______________________________

______________________________

۵۔ پہلے بتائیے کیا ہوا ؟ پہلا جملہ آپ کے لیے لکھ دیا گیا ہے۔ [3]

☐ ریاض کے والد کام سے گھر آتے ہیں۔

**1** ریاض اسکول سے گھر آتا ہے۔

☐ ریاض کی ماں اُس سے کہتی ہیں کہ اُن کی صحت ٹھیک نہیں ہے۔

☐ ریاض کی ماں آرام کر کے اٹھتی ہیں۔

۶۔ (الف) آخر میں ریاض کی ماں اپنے گھر والوں کے بارے میں کیا سوچتی ہیں ؟ [1]

______________________________

______________________________

(ب) وہ کیوں ایسا سوچتی ہیں ؟ [1]

______________________________

______________________________

Please turn over this page

Marks

**Question 5A (4 marks)**

**(الف) بےترتیب لفظوں کو ترتیب سے لکھ کر جملہ لکھیے۔**

تھا رنگ بھورا کا بھالو

______________________________

ہے سال کا مہینہ جنوری پہلا

______________________________

**Question 5B (6 marks)**

**(ب) جملوں کو مکمل کیجیے۔**

۱۔ بچّے ہنس رہے تھے کیونکہ ______________________________

______________________________

۲۔ احمد کی بڑی بہن کی شادی تھی اسی لیے ______________________________

______________________________

۳۔ شکیلہ سالگرہ میں نہیں گئی اگرچہ ______________________________

______________________________

Marks


**Question 6 (10 marks)**

**عبارت غور سے پڑھیے پھر دیے گئے مناسب لفظوں سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

رات کے دس بج رہے تھے۔ میں اپنے ................................... میں اگلے دن کے لیے اسکول کا کام کر رہا تھا جبکہ سب لوگ ................................... رہے تھے۔

اچانک کچھ شور ................................... دیا جس سے میرے والدین اور بھائی ................................... گئے۔ شور ہمارے باغ سے آ رہا تھا۔ ہمارا ...................................تھا کہ باغ میں کوئی چور ہے۔ وقت ضائع نہ کرتے ہوئے ہم سب اُس ................................... تلاش میں نکلے۔ میں ................................... ڈر گیا تھا۔ میں نے چوروں کے بارے میں بہت سی ................................... سُنی تھیں۔

ہم پانچ ................................... تک باغ میں ڈھونڈتے رہے لیکن وہاں کوئی چور نہیں تھا۔ آخر میں ہم نے لیچی کے درخت سے چمگادڑوں کو اڑتے ہوئے دیکھا۔ اس وقت ہمیں اندازہ ہوا کہ ................................... چور کون تھے !



چمگادڑیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| منٹ | اصل | سو | کہانیاں | کی |
| خیال | سنائی | کمرے | جاگ | بہت |

Please turn over this page

Marks

**Question 7A (5 marks)**

**خطکشیدہ لفظوں کی اصلاح کر کے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

۱۔ سارا دکان سے انڈے لائے .................................. ۔

۲۔ چوہیاں بِل میں رہتا ہے .................................. ۔

۳۔ اسکول کے صحن میں آم کی درخت ہے .................................. ۔

۴۔ کسی گاؤں میں ایک درزی اور اُس کی بیوی خوشی رہتی تھی .................................. ۔

۵۔ ڈاکٹر نے مریز سے بات کی .................................. ۔

**Question 7B (5 marks)**

**بریکٹ میں دیے گئے لفظوں کو صحیح شکل دے کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

۱۔ .................................. سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔ ( گندہ )

۲۔ .................................. جماعت کے بچّے چُپ چاپ بیٹھے ہیں۔ ( ایک )

۳۔ اسلم بہت .................................. لڑکا ہے۔ ( طاقت )

۴۔ .................................. کے لیے بہت سے لوگ سفر کرتے ہیں۔ ( سیاح )


۵۔ بچوں نے کہا : ” سمندر کا پانی .................................. ہے۔ “ ( نمک )

Marks


**Question 8 (10 marks)**

تصویروں کو دیکھ کر دیے گئے لفظوں کی مدد سے ایک ایک جملہ اس طرح لکھیے کہ ایک چھوٹی سی کہانی بن جائے۔


کل - پک‌نک پر جانا




راستہ میں - گاڑی خراب ہونا




پھر - فون کرنا



کچھ دیر بعد - میکانِک آنا



آخر میں - سفر جاری رکھنا



**Question 9 (10 marks)**

**خاکے کے مطابق تقریباً سو (۱۰۰) لفظوں کا مضمون لکھیے۔**

بازار میں بٹوا نظر آنا

اُٹھانا

پولیس اسٹیشن جانا

بٹوا میں فون نمبر

آخر میں کیا ہوا ؟

Marks

19

BLANK PAGE